الحمد للہ والملک للہ

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ جمادی الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۲ اپریل ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت قطع درختان معافیداران....	۱ و ۲
۲	اضافہ سعادت علیخان سب انسپکٹر...	۲
۳	ہدایت متعلق تنخواہ....	۳
۴	رخصت مولوی سید محمد صاحب اتالیق.....	۳
۵	نقشہ حیات ممات ـ نقشہ نرخنامہ اجناس...	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ فروری ۱۹۱۷ء

بشمول رپورٹ گرداور دربارۂ اطلاع کہ جوالا سہائے جیون سہائے چوہری پرشاد و چمن پرشاد وغیرہ معافیداران موضع اودم پور تحصیل بلاسپور علاقہ جدید نے بلا حصول اجازت تین درخت انبہ افتادہ و چار درخت ایستادہ سبز باغ معافی سے قطع کرا کر لکڑی فروخت کردی اور کچھ لکڑی باقی تھی وہ سپرد پیمان کردی گئی تھی۔ معہ عرضداشت اجلاس ہمایوں سے صادر ہوا کاغذات سے مقدمہ کی صورت یہ ہے کہ موضع اودم پور تحصیل بلاسپور علاقہ جدید زمینداری سرکار ہے

و دمیں انبہ جو معافی ودوامی ہیں۔ دو ڈھائی سال ہوئے کہ جب معافیداران نے بے حصول اجازت درخت انبہ قطع کرلیے تھے تحصیل سے انکی روک ٹوک ہوکر تحفظاً قرقی پڑگئی یہ ہاں ہو دیگئی۔ اسکی بحث درپیش ہے کہ معافیداراں نے بے اجازت درختاں قطع کیے ہیں انسے مواخذہ ہونا چاہیے۔ معافیداران کا یہ جواب ہوا کہ یہ معافی علاقہ جدید کی ہے ہمیشہ سے باختیار خود قطع و فروخت کرتے چلے آتے ہیں حصول اجازت کی قید کبھی نہیں ہوئی۔ عہد کونسل میں متعلق تفریق انقطاع درختاں ایک مسودہ قانون مرتب ہوکر گزٹ ہوا تھا۔ گو اسکی باضابطہ منظوری نہیں ہوئی تھی لیکن اسوقت سے ابتک اسی پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔ اور برابر معافیداران جا آئندہ کے حسب ضابطہ اجازت قطع کی درخواست دیتے ہیں اور بعد تحقیقات ضابطہ اجازت دیجاتی ہے اس مثل میں نوٹ کمیٹی ۱۰ فروری سنہ ۱۹۱۶ء مفصل ہے لیکن کمیٹی نے جو بابت قاعدہ بنانے کی رائے لکھی ہے اسکی اسوجہ سے ضرورت نہیں ہے کہ سرکلر محولہ بالا میں دفعہ ۹ کل اس معاملہ سے تعلق ہے اور صاف ہے اسمیں لکھا ہے کہ علاقہ جدید کے درختوں کی نسبت عموماً بموجب العرض بندوبستی عملدرآمد ہوگا مگر جو دیہات ریاست کی زمینداری کے علاقہ مذکور میں ہیں انکے درختوں کی نسبت بموجب قواعد علاقہ قدیم عملدرآمد ہوگا اور دفعہ ۱۳ میں اراضیات معافی ودوامی لاخراجی کی بابت لکھا ہے کہ چار قسم کے درختان یعنی شیشم تُن جامن۔ انبہ کی لکڑی بشاخ جو صدمہ ہوا سے گر جاوے یا خشک ہو جاوے انکے صرف میں لانیکا معافیداران کو اختیار ہوگا۔ مگر جو سالم درخت اقسام مذکورہ سے گر جائے یا خشک ہو جاوے یا کسی درخت کو منجملہ اقسام مذکورہ کے معافیداران فروخت کرنا چاہیں تو اول سرکار میں اطلاع کرے۔ اگر سرکاری کام کے لائق ہوگی تو سرکار میں خرید لیجاویگی۔ ورنہ اجازت دیجاویگی۔ اور سوا چار اقسام کے علاوہ جملہ قسم کے درختوں کے کاٹنے اور بیچنے وغیرہ کا اختیار ہے۔ سرکار کی طرف سے مزاحمت نہوگی۔ لہذا اسکے موافق عملدرآمد ہونا مناسب معلوم ہوتا ہے کمیٹی کی یہ رائے ہے کہ معافیداران نے جو درخت انبہ بطور خود بے اطلاع و بے حصول اجازت قطع کرلیے ہیں انکی بابت اسوجہ سے کہ کوئی قاعدہ مکمل جاری نہیں ہے کچھ تعارض نکیا جاوے اگر اس رائے کمیٹی کے موافق درگذر فرمایا جاوے تو آئندہ کی پابندی کی غرض سے قاعدہ جاری فرمادیا جاوے۔ پیش ہوکر

حکم ہوا کہ

جس معاملہ قطع درختان معافی کے متعلق یہ مثل دوران میں ہے اس سے درگذر کیا جاتا اسوجہ سے منظور ہے کہ ابتک اسکی بابت کوئی قواعد منظور شدہ نہیں پائے گئے۔ مگر آئندہ علاوہ دیہات میں جو دیہات زمینداری سرکار ہیں ان میں معافیداران اگر درختان قطع کرنا چاہیں تو انکو پابندی دفعہ ۹ و دفعہ ۱۳ اس مسودہ قانون کی لازمی ہوگی۔ جو مسودہ گزٹ ہو چکا ہے اور جسکی منظوری اسوقت تک نہیں ہوئی ہے اب حسب صراحت صدر بابت دفعہ ۹ و دفعہ ۱۳ منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں منزلگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بنظر مناسبت ضمن خدمات سعادت علیخاں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کوتوالی کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار

حکم ہوا کہ

اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایوں منزلگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ہدایت

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بپابندی دستور العمل تقسیم تنخواہ منظور ہے کہ سوائے اصل تنخواہ دار کے دوسرے شخص کو تنخواہ نہ دیجاوے اگر اصل تنخواہ دار موجود نہو تو تنخواہ واپس خزانہ ہوا کرے۔ اور قبض الوصول میں ولدیت و سکونت بھی پورے طور پر درج کیجاوے۔ اور جو تنخواہ بذریعہ مختار نامہ ملتی ہے خانہ کیفیت میں افسر صیغہ مختار نامہ کا حوالہ دیکر اپنے دستخط کردیا کریں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۲۱ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت یکماہ مولوی سید محمد صاحب اتالیق جناب ولیعہد صاحب بہادر کی بوجہ علالت دختر مولوی صاحب موصوف منظور فرمائی گئی دوسرے اتالیق جناب ولیعہد صاحب بہادر کی نگرانی رکھیں گے۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری فروری سنہ ۱۹۱۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل — مسلمان	تفصیل — ہنود	ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۲ سال سے زیادہ — مرد	۱۲ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل امراض — [illegible]	[illegible]	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	طاعون	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۲	۹	۱۸	۹	۵۰	۴۰	۱۸	۸	۲	۳	۴	۲۲	۲۴	۲۳	۳۰	۴۵	۱۸	۰	۴	۰	۵۰	۰	۰	۹	۶۳	
گنج	۱۴	۳	۹	۳	۲۹	۲۳	۶	۴	۴	۲	۱	۸	۷	۱۴	۱۲	۲۳	۳	۰	۰	۰	۲۶	۰	۰	۰	۲۶	
حوالیہ شہر	۸	۱۳	۵	۱۵	۴۱	۱۳	۲۸	۸	۰	۰	۰	۱۳	۹	۲۱	۹	۱۳	۱۷	۰	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۲۲	۲۱	۱۶	۱۵	۷۵	۳۹	۳۶	۴	۱	۱	۱	۲۶	۱۴	۳۱	۱۶	۲۵	۲۲	۰	۰	۰	۴۷	۰	۰	۰	۴۷	
شاہ آباد	۲۱	۵۴	۱۸	۴۸	۱۴۱	۳۹	۱۰۲	۱۰	۸	۱	۲	۲۷	۱۶	۳۸	۲۶	۱۳	۵۱	۰	۰	۰	۶۴	۰	۰	۰	۶۴	
پٹوائی	۹	۲۱	۸	۳۱	۶۹	۱۷	۵۲	۲	۰	۰	۰	۱۷	۱۲	۱۹	۱۲	۶	۲۵	۰	۰	۱۹	۱۲	۰	۰	۰	۳۱	
ملک	۷	۴۵	۵	۴۴	۱۰۱	۱۲	۸۹	۴	۴	۰	۱	۳۰	۱۷	۳۴	۲۲	۴	۵۲	۰	۰	۰	۵۶	۰	۰	۰	۵۶	
بلاسپور	۱۲	۲۵	۱۲	۱۶	۶۵	۲۴	۴۱	۳	۵	۵	۲	۴۲	۳۱	۵۱	۳۸	۴۰	۴۹	۰	۰	۰	۸۹	۰	۰	۰	۸۹	
کیمری	۲۴	۳۳	۷	۲۹	۹۳	۳۱	۶۲	۲	۵	۴	۱	۳۵	۲۱	۴۱	۲۷	۲۲	۴۶	۰	۰	۰	۶۸	۰	۰	۰	۶۸	
سوار	۵۵	۳۳	۵۳	۴۷	۱۸۸	۱۰۸	۸۰	۱۵	۱۳	۶	۵	۷۸	۵۰	۹۹	۶۸	۱۰۷	۶۰	۰	۰	۰	۱۶۷	۰	۰	۰	۱۶۷	
ٹانڈہ	۳۷	۳۰	۲۳	۲۶	۱۱۶	۶۰	۵۶	۴	۷	۲	۰	۲۷	۲۳	۳۳	۳۰	۳۶	۲۷	۰	۰	۰	۶۳	۰	۰	۰	۶۳	
میزان	۲۳۱	۲۸۷	۱۷۵	۲۲۳	۹۶۶	۴۰۶	۵۶۰	۴۴	۵۹	۳۳۰	۱۲۰	۲۴۷	۲۲۴	۴۱۴	۲۹۰	۳۴۴	۳۲۸	۰	۴	۱۹	۶۶۲	۰	۰	۹	۷۰۴	

مطبوعہ ۲ مراپریل سنہ ۱۹۱۷ء جلد ۲۹

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۶ مارچ لغایت ۲ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷مار		۷۷مار	۷مار	۷۰۷مار	۷۰۷مار	
نخود خالص	۸۰مار		۸۰مار	۹مار	۱۰مار	۱۱مار	
نخود کستہ آمیز	۱۰۱۰مار		۹مار	۱۰مار	۱۰۱۰مار	۱۱۰مار	
کستہ	۱۲مار			۱۲مار	۱۱مار	۱۳۱۰مار	
ماش	۸مار		۷۰۷مار	۸مار	۷مار	۸مار	
مونگ	۸مار		۸مار	۰	۷مار	۹مار	
مکا	۱۰مار		۱۱مار	۱۲مار	۱۳مار	۱۲۰۱مار	
جئی	۱۲مار		۱۲۰مار	۱۳مار	۱۲مار	۱۴مار	
گوجئی	۰		۰	۰	۱۱مار	۰	
عدس	۱۱مار		۱۱مار	۰	۵مار	۰	
ارہر	۱۰مار		۰	۰	۸مار	۰	
برنج	۷۰مار		۷مار	۸مار	۷۰مار	۸مار	
روغن زرد	۰ررمار		۰رررمار	۰ررمار	۰ررمار	۰ررمار	
روغن سیاہ	۲رمار		۲۰مار	۲مار	۲۰۲مار	۲۰مار	
روغن کنجد	۱۰رمار		۱مار	۱مار	۱۰مار	۱۰مار	
نمک سانبھر	۱۰مار		۱۲مار	۱۱مار	۱۱مار	۱۲مار	
نمک لاہوری	۷مار		۸مار	۸مار	۹مار	۹مار	
قند سیاہ	۵۰مار		۴۰مار	۵مار	۶مار	۵مار	
باجرہ	۱۰مار		۰	۰	۱۰مار	۰	